# قرآنی آیات کے ذریعے روحانی علاج

## مجرب دعائیں



ڈاکٹر عمران الحق کلیانوی بخاری
پی ایچ ڈی

Updated : 1st September, 2017

المركز العارفی

Al Markaz Al Arifi Foundation

# تعارف

ڈاکٹر مفتی عمران الحق کلیانوی بخاری

اسسٹنٹ پروفیسر پی ایچ ڈی جامعہ کراچی

فیس بک پیج: ڈاکٹر عمران الحق

وائبر اور واٹس ایپ: 0345 2099542

بانی رفاہی ادارہ المرکز العارفی فاؤنڈیشن

**فاضل ومفتی:**

جامعہ بنوری ٹاون کراچی

**سلسلہ خلافت وبیعت:**

حضرت ناصح الامت مولانا حافظ ابرار الحق کلیانویؒ

خلیفہ مجاز

عارف باللہ حضرت ڈاکٹر محمد عبدالحیٔ العارفی صاحبؒ

# بیماریوں سے متعلق

عطافرمودہ
شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی سبحان محمود صاحب قدس سرہٗ

# حصہ اول

# آیاتِ شفاء

## ہر مرض کا شافی علاج

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ (١) الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (٢) مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ (٣) إِيَّاكَ نَعْبُدُ وإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ (٤)
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُستَقِيْمَ (٥) صِرَاطَ الَّذِيْنَ أَنعَمتَ عَلَيْهِمْ (٦) غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلاَ الضَّالِّيْنَ (٧)

| | | |
|---|---|---|
| وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ | (الشعرا: ٨٠، پارہ ١٩) | ایک بار |
| وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ | (التوبہ: ١٤، پارہ ١٠) | ایک بار |
| وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ | (یونس: ٥٧، پارہ ١١) | ایک بار |
| وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ | (بنی اسرائیل: ٨٢، پارہ ١٥) | ایک بار |
| يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ | (النحل: ٦٩، پارہ ١٤) | ایک بار |
| قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ | (حٰمٓ سجدہ: ٤٤، پارہ ٢٤) | ایک بار |

پھر درج ذیل دعا ایک بار پڑھیں

اَللّٰهُمَّ اَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِهٖ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَآءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا

عطافرمودہ
شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی سبحان محمود صاحب قدس سرہٗ

# آیاتِ شفاء

## ہر مرض کا شافی علاج

حصہ دوم

پھر درج ذیل دعا سات بار پڑھیں (کسی دوسرے کے لیے یہ دعا پڑھیں)

اَسْأَلُ اللهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ

پھر درج ذیل دعا سات بار پڑھیں (اپنے لیے یہ دعا پڑھیں)

اَسْأَلُ اللهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَنِي

يَاسَلَامُ ۱۳۱ مرتبہ

مذکورہ آیات اور دعائیں پابندی سے پڑھ کر مریض پر دم کریں، کیسا ہی مرض ہو ان شاء اللہ تعالی شفاء ہو جائے گی مجرب ہے
نیز فجر کی نماز کے بعد بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے وصل لے ساتھ ۱۱ مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر مریض پر بھی دم کریں
اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں

# تمام بیماریوں سے مکمل شِفاَء یابی کے لیے

کسی بھی مرض کے لیے کم از کم تین، پانچ یا سات بار پڑھ کر دم کیا جائے۔ پانی پر دم کر کے بھی استعمال کر لیا جائے اور جس مرض کا معاملہ خدانہ خواستہ زیادہ شدید ہو یا آپریشن کی صورت ہو تو بکثرت وردر کھا جائے۔ ان شاءاللہ شِفاَیابی ہو گی۔

صحت مند افراد پڑھیں گے تو ہر امراض سے محفوظ رہیں گے۔

ڈاکٹرز حضرات وردر کھیں گے تو ان شاءاللہ تعالیٰ انکے علاج میں خوب شفاءَ پیدا کر دینگے۔

## یَااَللهُ   یَاسَلَامُ   یَاشَافِیُ

## یَاکَافِیُ   یَاعَافِیُ   یَامُعَافِیُ

ناصح الامت مصلح ملت حضرت مولانا حافظ ابرا الحق کلیانوی صاحب (از خواجہ نظام الدین اولیاء)

حوالہ
بکھرے موتی: جلد چہارم: پیج نمبر ۳۳۶

# حضرت امام شافعیؒ کے مجربات

ہر قسم کے جسمانی درد، سر درد، ہر قسم کے بیماری کے لیے دن میں دو وقت سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے پی لیں اور مریض کو بھی پلائیں شفاء ہونے تک عمل جاری رکھیں۔ تین بار درود ابراہیمی بھی پڑھ لیں

اور اس پر لکھا ہوا تھا بنی اُمیہ کے بعض مکانات میں
چاندی ایک ڈبہ ملا جس پر سونے کا تالا لگا ہوا تھا

ہر بیماری سے شفاء اس ڈبے میں ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَلَاحَوۡلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ
اُسۡکُنۡ اَیُّهَا الۡوَجۡعُ سُکُنۡتُکَ بِالَّذِیۡ یُمۡسِكُ السَّمَآءَ اَنۡ تَقَعَ عَلَی الۡاَرۡضِ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ اِنَّ اللّٰہَ بِالنَّاسِ لَرَءُوۡفٌ رَّحِیۡمٌ ۝

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَلَاحَوۡلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ
اُسۡکُنۡ اَیُّهَا الۡوَجۡعُ سُکُنۡتُکَ بِالَّذِیۡ یُمۡسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ اَنۡ تَزُوۡلَا وَلَئِنۡ زَالَتَا اِنۡ اَمۡسَکَهُمَا مِنۡ اَحَدٍ بَعۡدِهٖ اِنَّهٗ کَانَ حَلِیۡمًا غَفُوۡرًا

عطافرمودہ
شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی سبحان محمود صاحب قدس سرہٗ

# بخار کے لیے

قُلْ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا
خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا
بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ
اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ (المومنون: ۱۱۴ تا ۱۱۸، پارہ ۱۸)

**نوٹ:** مذکورہ آیات کو ایک مرتبہ پڑھ کر مریض کے کان میں سات مرتبہ دائیں کان میں اور سات مرتبہ بائیں کان میں دم کریں ان شاء اللہ تعالی بخار جاتا رہے گا

حوالہ
بکھرے موتی: جلد چہارم: پیج نمبر ۳۰۲

# پیشاب کی بندش اور پتھری کا علاج نبوی

رَبُّنَا اللّٰہُ الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِی السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ

كَمَا رَحْمَتُكَ فِی السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِی الْاَرْضِ وَاغْفِرْ لَنَا

حُوْبَنَا وَخَطَايَانَا اَنْتَ رَبُّ الطَّیِّبِیْنَ فَاَنْزِلْ شِفَاءً مِّنْ شِفَائِكَ

وَرَحْمَةً مِّنْ رَحْمَتِكَ عَلٰی هٰذَا الْوَجْعِ

بیمار شخص اس دعا کو پڑھتا رہے یہ نہ ہو سکے تو کوئی شخص پڑھ کر اس پر دم کرے یا کاغذ میں لکھ کر اس کا پانی پلایا جائے۔

حوالہ
بکھرے موتی: جلد دوم: پیج نمبر ۱۴۲

# گردے اور پتّے کی پتھری کا روحانی علاج

وَاِنَّ مِنَ الۡحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنۡهُ الۡاَنۡهٰرُ‌ؕ وَاِنَّ مِنۡهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخۡرُجُ مِنۡهُ

الۡمَآءُ‌ؕ وَاِنَّ مِنۡهَا لَمَا يَهۡبِطُ مِنۡ خَشۡيَةِ اللّٰهِ‌ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعۡمَلُوۡنَ ۞۷۴

سورۃ البقرہ: ۷۴

اگر آپ کو گردے اور پتے کی پتھری پریشان کرتی ہو تو یہ آیت اکتالیس بار پڑھ کر

پانی پر دم کریں، اور اس وقت تک پیتے رہیں جب تک کامیابی نہ ہو۔ ان شاء اللہ

اللہ تعالی شفاء عطا فرمائیں گے۔

عطافرمودہ
شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی سبحان محمود صاحب قدس سرہٗ

# دست (Motion / Diarrhoea)
# اور پیٹ کے دیگر امراض کیلیے

درج ذیل آیات بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے وصل لے ساتھ ۱۴ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے نہار منہ پیئں اور مریض کو بھی پلائیں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ہ

إِنَّا أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ ﴿١﴾ وَمَا أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ﴿٢﴾ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ ﴿٣﴾ تَنَزَّلُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِم مِّن كُلِّ أَمْرٍ ﴿٤﴾ سَلَامٌ هِيَ حَتَّىٰ مَطْلَعِ الْفَجْرِ ﴿٥﴾

# دانتوں کی تکلیف دور کرنے کے لیے

| | |
|---|---|
| اول وآخر درود شریف | ۷ مرتبہ |
| سورۃ فاتحہ | ۷ مرتبہ |
| سورۃ آیت الکرسی | ۷ مرتبہ |
| سورۃ التین | ۷ مرتبہ |
| سورۃ قریش | ۷ مرتبہ |

# یرقان کے لیے

عطافرمودہ
شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی سبحان محمود صاحب قدس سرہٗ

سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ۱۰۱ مرتبہ پڑھیں

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ 162 مرتبہ پڑھیں

یہ دونوں آیتیں پانی پر دم کر کے مریض کو کثرت سے یہی پانی پلائیں مجرب ہے۔

---

حوالہ
بکھرے موتی: جلد دوم: پیج نمبر 146

| | | |
|---|---|---|
| سورۃ فاتحہ | | ایک بار |
| سورۃ حشر | پارہ 28 | سات بار |
| سورۃ قریش | پارہ 30 | ایک بار |

یہ تینوں آیتیں پانی پر دم کر کے مریض کو کثرت سے یہی پانی پلائیں۔ جب تک فائدہ نہ ہو پلاتے رہیں مجرب ہے۔

ان دونوں وظائف میں سے کسی ایک وظیفہ پر عمل کریں۔

# دل کی تمام بیماریوں کے لیے

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُم مَّوْعِظَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ
لِّمَا فِى ٱلصُّدُورِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ

سورة یونس آیت:۵۷

دل کی تمام بیماریوں اور ڈیپریشن کے خاتمے کے لیے یہ آیت ہر نماز کے بعد دل پر ہاتھ رکھ کر سات بار پڑھ لیں یا پھر جب موقع ملے گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیں

حوالہ
بکھرے موتی: جلد دہم: پیج نمبر ۹۴۳

# کینسر کا مجرب ترین قرآنی عمل

اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیے
پھر یہ آیت ایک نشست میں ۲۰۲۲ مرتبہ پڑھنی ہے ( ایک دفعہ) (سورۃ الملک ۱۴)

اَلَا یَعۡلَمُ مَنۡ خَلَقَ ؕ وَ ہُوَ اللَّطِیۡفُ الۡخَبِیۡرُ ؕ

سورۃ الملک آیت: ۱۴

۴۰ دن تک بلاناغہ پڑھنا ہے

درود ابراھیمی ۱۱ مرتبہ

پھر سورۃ مریم ایک مرتبہ

درود ابراھیمی ۱۱ مرتبہ

# برص، جذام، موذی اور مہلک بیماریوں سے بچنے کے لیے بہترین دعا

حضور ﷺ کی تعلیم فرمودہ

## اَللّٰھُمَّ اِنِّی أَعُوذُبِکَ مِنَ الْبَرَصِ، وَالْجُنُونِ، وَالْجُذَامِ، وَمِنْ سَیِّئِ الأَسْقَامِ

ترجمہ: اے اللہ میں برص، جذام، جنون (دماغی خلل) اور ہر قسم کی تمام موذی و مہلک بیماریوں سے آپ کی پناہ چاہتا ہوں
۔[سُنن نسائی:۵۰۶۸ ]

آجکل جسم میں سفید داغ، نفسیاتی اور ہر چھوٹی بڑی بیماری کے لیے یہ دعا بہت مفید ہے۔
مریض پانی پر یا دوا پر دم کر کے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

# تمام بیماریوں سے مکمل نجات

- سات یوم تک روزانہ کوئی بھی وقت مقرر کر کے مریض تین بار سورۃ رحمٰن کی تلاوت کرے یا دوسرے فرد یا ریکارڈنگ سے سنے۔ مرض خواہ کوئی سا بھی ہو۔ ان شاء اللہ فائدہ ہو گا۔

- اگر مرض کی شدت زیادہ ہو تو دس یوم تک روزانہ سات بار سنے۔

- ایک مرتبہ میں فائدہ ہو جائے تو ٹھیک ہے، ورنہ دوبارہ پھر کر لیا جائے۔ ضرورت کے مطابق عمل کو دہرا لیا جائے۔

- الحمد للہ بہت زیادہ مفید ہے۔

از مجربات:
ناصح الامت مصلح ملت حضرت مولانا حافظ ابرار الحق کلیانوی صاحبؒ

# چند مجرب نسخے

## شوگر کے لیے

مندرجہ ذیل دعا کو بلا ناغہ صبح و شام پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیجیے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں۔

رَّبِّ اَدۡخِلۡنِیۡ مُدۡخَلَ صِدۡقٍ وَّاَخۡرِجۡنِیۡ مُخۡرَجَ صِدۡقٍ وَّاجۡعَلۡ لِّیۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ سُلۡطٰنًا نَّصِيۡرًا ۸۰

سورۃ بنی اسرائیل: ۸۰

## بواسیر کے لیے

وتر کی نماز میں مندرجہ ذیل آیات اس ترتیب سے پڑھیں۔

پہلی رکعت میں سورۃ الکفرون دوسری رکعت میں سورۃ النصر تیسری رکعت میں سورۃ لھب ان شاء اللہ مرض جاتا رہے گا۔

## بلڈ پریشر کے لیے

مندرجہ ذیل آیتیں ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

اَلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَتَطۡمَـئِنُّ قُلُوۡبُهُمۡ بِذِكۡرِ اللّٰهِ‌ؕ اَلَا بِذِكۡرِ اللّٰهِ تَطۡمَـئِنُّ الۡقُلُوۡبُؕ ۲۸

اَلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوۡبٰى لَهُمۡ وَحُسۡنُ مَاٰبٍ ۲۹

سورۃ الرعد: ۲۸۔ ۲۹

از مجربات: ناصح الامت مصلح ملت حضرت مولانا حافظ ابرار الحق کلیانوی صاحبؒ

# شوہر، بیوی، اولاد اور رشتہ داروں سے متعلق

# اپنے بیوی بچوں کو اللہ کی حفاظت میں دینے کا ایک نبوی نسخہ

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے پاس ایک آدمی آیا اور کہا یا رسول اللہ! اللہ کی قسم! اپنی جان، اپنی اہل وعیال اور مال کے بارے میں بہت ڈرتا ہوں۔ حضور ﷺ نے کہا، صبح وشام یہ کلمات کہا کرو

## بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی دِیْنِیْ وَنَفْسِیْ وَوَلَدِیْ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ

# اہل خانہ اور اولاد میں بے دینی اور شیطانی کاموں سے بچنے کے لیے

اَلَمۡ اَعۡهَدۡ اِلَیۡكُمۡ یٰبَنِیۡۤ اٰدَمَ اَنۡ لَّا تَعۡبُدُوا الشَّیۡطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمۡ عَدُوٌّ مُّبِیۡنٌ
ۙ۶۰ وَّاَنِ اعۡبُدُوۡنِیۡ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسۡتَقِیۡمٌ ۶۱ وَلَقَدۡ اَضَلَّ مِنۡكُمۡ جِبِلًّا
كَثِیۡرًا ؕ اَفَلَمۡ تَكُوۡنُوۡا تَعۡقِلُوۡنَ

سورہ یٰسین ۶۰۔۶۲ پارہ ۲۳

اہل خانہ میں سے کسی بھی فرد کے لیے جو کسی بھی قسم کی بے دینی یا خلفشار کا شکار ہو یا اولاد بے دینی کا شکار ہو یا شیطانی کاموں میں دل لگتا ہو۔ ان تمام چیزوں سے چھٹکارے کے لیے ان آیات کو کم از کم تین بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا جائے یا پلایا جائے۔ جس کسی کی بھی طبیعت میں سرکشی ہو گی یا نماز میں دل نہ لگتا ہو گا۔ ان شاء اللہ یہ آیات پڑھنے سے نیکی میں رغبت ہو گی، شیطانی خیالات سے چھٹکارہ ملے گا۔ نماز کی پابندی لازمی ہے۔

# میاں بیوی میں محبت کے لیے اور گھر کے ماحول کو خوشگوار بنانے کے لیے
اور
# رشتے میں رکاوٹ دور کرنے کے لیے

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿۷۴﴾

سورہ الفرقان ۷۴ پارہ ۱۹

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا
وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ

سورہ النساء ۱ پارہ ۴

- ان آیتوں کو ہر نماز کے بعد تین بار پڑھ لیا جائے۔
- میاں بیوی بھی ایک دوسرے کو کھانے پینے پر دم کر کے کھلا پلا سکتے ھیں۔ان شاء اللہ آپس میں محبت پیدا ہو گی۔
- جن لڑکے اور لڑکیوں کے رشتے میں رکاوٹ ہو تو ان کے لیے مندرجہ ذیل آیتیں پڑھنا مناسب ہے۔ ہر نماز کے بعد تین بار پڑھ کر دعا کی جائے یا عشائ کی نماز کے بعد ۳۳ بار پڑھ کر دعا کی جائے تو ان شاء اللہ اچھا رشتہ آئے گا۔
- نماز کی پابندی لازمی ہے۔

# میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے کا عمل

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ
مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

سورۃ الممتحنہ آیت: ۷

تین مرتبہ اول وآخر درود شریف پڑھیں اسکے بعد اکتالیس مرتبہ یہ آیت شریف
پڑھیں اور تصور میں دم کریں (یہ عمل ناراض رشتہ داروں کے لیے بھی کیا جا سکتا ہے)

# بیوی کی نافرمانی ختم کرنے کا عمل

وَالّٰتِیۡ تَخَافُوۡنَ نُشُوۡزَهُنَّ فَعِظُوۡهُنَّ وَاهۡجُرُوۡهُنَّ فِی الۡمَضَاجِعِ
وَاضۡرِبُوۡهُنَّ‌ ۚ فَاِنۡ اَطَعۡنَكُمۡ فَلَا تَبۡغُوۡا عَلَيۡهِنَّ سَبِيۡلًا‌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
كَانَ عَلِيًّا كَبِيۡرًا

سورۃ النسا آیت: ۳۴

حسب موقع ۱۱ مرتبہ پڑھ کر دم کریں

# بدمزاج شوہر کی اصلاح کا عمل

وَاِنِ امۡرَاَةٌ خَافَتۡ مِنۡۢ بَعۡلِهَا نُشُوۡزًا اَوۡ اِعۡرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيۡهِمَاۤ اَنۡ يُّصۡلِحَا بَيۡنَهُمَا صُلۡحًا‌ ؕ وَالصُّلۡحُ خَيۡرٌ‌ ؕ وَاُحۡضِرَتِ الۡاَنۡفُسُ الشُّحَّ‌ ؕ وَاِنۡ تُحۡسِنُوۡا وَتَتَّقُوۡا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِيۡرًا. (النساء ۴:۱۲۸)

شوہر پر حسب موقع ۱۱ بار پڑھ کر دم کریں یا پھر کھانے پینے کی چیزوں پر دم کر کے دیں

# بچوں کی نافرمانی ختم کرنے کا عمل

اَفَحَسِبۡتُمۡ اَنَّمَا خَلَقۡنٰكُمۡ عَبَثًا وَّاَنَّكُمۡ اِلَيۡنَا لَا تُرۡجَعُوۡنَ ۱۱۵
فَتَعٰلَى اللّٰهُ الۡمَلِكُ الۡحَقُّ‌ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ‌ ۚ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡكَرِيۡمِ ۱۱۶

سورۃ المؤمنون آیت: ۱۱۵۔۱۱۶

جو بچے شرارتوں اور برائیوں میں مبتلا ہوں یا جو نوجوان گمراہی اور گناہوں میں مبتلا ہوں اس کی پیشانی کے بال پکڑ کر توجہ سے **سات** مرتبہ یہ آیت شریف پڑھیں

# اولاد کی نافرمانی ختم کرنے کا عمل

وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۭ اِمَّا يَبْلُغَنَّ
عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰـهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْ
هُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا

سورۃ بنی اسرائیل آیت: ۲۳

نافرمان اولاد کو ۲۱ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانا ہے یا کسی بھی وقت تصور کر کے دم کرنا ہے

# روزی،رزق سے متعلق

# رزق میں برکت کے لیے ایک مجرب عمل

مولانا شاہ عبدالغنی پھولپوریؒ نے فرمایا کے حضرت حاجی امداد اللہ رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ جو شخص صبح کو ستر مرتبہ پابندی سے یہ آیت پڑھا کرے وہ رزق کی تنگی سے محفوظ رہے گا اور فرمایا کہ یہ مجرب عمل ہے

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ

سورۃ الشوری آیت:۱۹

# اچھے روزگار اور رزق روزی میں برکت کے لیے

رَبِّ اِنِّی لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ

اچھے روزگار اور رزق روزی میں زبردست برکت اور کامیابی کے لیے مندرجہ ذیل دعا چالیس دن تک ۳۱۳ بار باوضو ہو کر کسی بھی وقت اول و آخر تین تین بار درود ابراہیمی کے ساتھ پڑھیں۔ غیب سے انشاءاللہ انتظام ہو گا

# پریشانی اور تنگدستی دور کرنے کا علاج

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کے ہم سب گھر میں تھے حضور ﷺ دروازے کی دونوں چوکھٹوں کو پکڑ کر فرمایا: اے بنو عبدالمطلب! جب تم لوگوں کو پریشانی، سختی اور تنگدستی پیش آئے تو یہ کلمات پڑھو۔

## اَللهُ اَللهُ رَبُّنَا لَا نُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا

# خوش و خرم زندگی کا راز

حضور ﷺ نے اپنے پیارے ساتھی و صحابی حضرت معاذ بن جبل رضؓ کو جن کو

آپ ﷺ اپنا دوست کہا کرتے تھے یہ دعا سکھلائی کے اسے ہر نماز کے بعد پڑھا کرو تم

پوری عمر خوشحال زندگی بسر کرو گے

## اَللّٰھُمَّ اَعِنِّی عَلٰی ذِکْرِكَ، وَشُکْرِكَ، وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ

# نظربد، حسد، جادو اور حصار سے متعلق

# جسم کے اندر بو جھل پن دور کرنے کا روحانی عمل

اِذَا زُلۡزِلَتِ الۡاَرۡضُ زِلۡزَالَهَا ۙ﴿۱﴾ وَاَخۡرَجَتِ الۡاَرۡضُ اَثۡقَالَهَا

سُوۡرَۃُ الزِّلۡزَالِ آیت: ۱-۲ ۱۰۱ بار

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَمِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾
وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ ۙ﴿۴﴾ وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۳ بار

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۙ۵
الۡخَنَّاسِ ۙ﴿۴﴾ الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۳ بار

سورۃ الزال ۱۰۱ بار اور سورۃ الفلق ۳ بار اور سورۃ الناس ۳ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی
لیں یہ عمل بلاناغہ چالیس روز تک کریں

# جسم میں بہت زیادہ درد رہنا، کمر کا درد، گھٹنے کا درد اور پنڈلی کے درد سے بچنے کے لیے

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۙ﴿۱﴾ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۙ﴿۲﴾ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۙ﴿۳﴾ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ
اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۫﴿۴﴾ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۙ﴿۵﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ
اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۭ﴿۶﴾ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۭ﴿۷﴾ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ سُوْرَةُ التين

وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ﴿۷۸﴾ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ
مَرَّةٍ ۭ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُۨ ۙ﴿۷۹﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿۸۰﴾ اَوَ
لَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓي اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ڲ بَلٰي ۤ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۱﴾ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ
اِذَآ اَرَادَ شَـيْـــًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۸۲﴾ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ
سُوْرَةُ یسین آیت: ۷۸۔۸۳

سورۃ التین سات بار اور سورۃ یسین کی آخری چھ آیتیں سات بار پڑھ کر زیتون کے تیل پر پڑھ کر دم کر لیں اور جہاں درد ہو وہاں پر تیل کی مالش کریں

# نظر بد سے بچنے کے لیے

لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا
يَعْلَمُوْنَ ٥٧ وَمَا يَسْتَوِى الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ۬ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِیْٓءُ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ

سورۃ مومن آیت: ۵۷-۵۹

فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ٣ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ
كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ

سورۃ الملک آیت: ۳-۴

# جادو، نظر بد اور حسد وغیرہ سے بچنے کے لیے

ابو سعید الخذری رضی اللہ عنہ کی حدیث میں مروی ہے کہ جبریل علیہ السلام حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور فرمائے اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا آپ بیمار ہیں فرمایا ہاں تو جبریل تو یہ دعا پڑھ کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر دم کیا مسلم: ۲۱۸۶

بِسمِ اللهِ أَرقِيكَ مِن كُلِّ شَيءٍ يُؤذِيكَ مِن شَرِّ كُلِّ نَفسٍ أَو عَينٍ أَو حَاسِدٍ اللهُ يَشفِيكَ بِسمِ اللهِ أَرقِيكَ.

میں اللہ کے نام کے ساتھ تجھ پر دم کرتا ہوں، ہر اس چیز سے جو تجھ کو تکلیف دے، ہر نفس کے شر سے، یا حسد کرنے والی نظر بد سے اللہ تجھے شفاء دے اللہ کے نام کے ساتھ تجھ پر دم کرتا ہوں

# نظر، حسد، جلن اور رکاوٹ کو ختم کرنے کے لیے

سورۃ یسین آیت نمبر ۹ | ۹ مرتبہ

وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝۹

سورۃ القلم آیت نمبر ۵۱۔۵۲ | ۳ مرتبہ

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ
۝۵۱ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝۵۲

سورۃ الکوثر | ۱۱ مرتبہ

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝۱ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝۲ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝۳

سورۃ الفلق | ۳ مرتبہ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝۱ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝۲ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝۳ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ
فِى الْعُقَدِ ۝۴ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ

سورۃ الناس | ۳ مرتبہ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝۱ مَلِكِ النَّاسِ ۝۲ اِلٰهِ النَّاسِ ۝۳ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝۴
الَّذِىْ يُوَسْوِسُ فِىْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝۵ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

# ہر بلا سے حفاظت کا نبوی نسخہ

حمٓ (1) تَنْزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ (2) غَافِرِ
الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَا إِلَٰهَ
إِلَّا هُوَ إِلَيْهِ الْمَصِيرُ سورة مومن آیت: ۱-۳

ابو داود شریف میں ہے کہ ،اس کو صبح وشام سات سات مرتبہ پڑھ لیا کرے اللہ تعالی اس دنیا و آخرت کے ہر غم و فکر کے لیے کافی ہو جائے گا۔ مشہور مفسر آلوسی فرماتے ہیں کہ یہ ورد اس فقر کا بھی ہے (تفسیر روح المعانی)

# جنات کے نام رسول ﷺ کا والنامہ

## ہر قسم کے آسیب، شیاطین اور جنات سے حفاظت کے لیے

هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اِلٰى مَنْ يَّطْرُقُ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ
وَالزُّوَّارِ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِي الْحَقِّ سَاعَةً فَاِنْ كُنْتَ عَاشِقًا
مُّوْلِعًا اَوْ فَاجِرًا فَهٰذَا كِتَابٌ يَّنْطِقُ عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ
تَعْمَلُوْنَ وَرُسُلُنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِيْ هٰذَا وَانْطَلِقُوْا اِلٰى عَبَدَةِ
الْأَصْنَامِ وَاِلٰى مَنْ يَّزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ
الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَاءُ اللهِ وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللهِ وَلَا
حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

# دشمنوں کے مظالم اور مفسدین کے فتنوں سے حفاظت کے لیے

## وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۭ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۝۸۱

اور کہہ دو کہ حق آگیا اور باطل نابود ہو گیا بے شک باطل نابود ہونے والا ہے

روزانہ اس آیت کو معنی کے خیال کے ساتھ صبح و شام ۱۰۰،۱۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ اور اس کا ورد بھی رکھ سکتے ہیں۔

# آیات قُطب

ثُمَّ أَنزَلَ عَلَيْكُم مِّن بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُّعَاسًا يَغْشَىٰ طَائِفَةً مِّنكُمْ ۖ وَطَائِفَةٌ قَدْ أَهَمَّتْهُمْ أَنفُسُهُمْ يَظُنُّونَ بِاللَّهِ
غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۖ يَقُولُونَ هَل لَّنَا مِنَ الْأَمْرِ مِن شَيْءٍ ۗ قُلْ إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهُ لِلَّهِ ۗ يُخْفُونَ فِي أَنفُسِهِم مَّا لَا يُبْدُونَ
لَكَ ۖ يَقُولُونَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هَاهُنَا ۗ قُل لَّوْ كُنتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِينَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ
إِلَىٰ مَضَاجِعِهِمْ ۖ وَلِيَبْتَلِيَ اللَّهُ مَا فِي صُدُورِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِي قُلُوبِكُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ (۱۵۴)

سورۃ ال عمران (۱۵۴)

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَآمَنُوا بِمَا نُزِّلَ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَهُوَ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ
عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَأَصْلَحَ بَالَهُمْ (۲)

سورۃ محمد (۲)

- سورۃ آل عمران کی آیات نمبر ۱۵۴ کسی بھی مقصد یا بیماری یا جادو وغیرہ کے لیے سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا جائے اور سیدھے کان میں دم کیا جائے تو اس آیات کی برکت سے شفاء ہو گی۔
- سورۃ محمد نے ۱۴۱ مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے تو اس سے بھی شفاء ہو گی۔
- یہ دونوں آیات صبح و شام پڑھیں۔

# اچھے رشتے، شادی سے متعلق

# اچھے رشتے کے لیے

سُبۡحَانَ الَّذِی خَلَقَ الۡأَزۡوَاجَ کُلَّهَا مِمَّا تُنبِتُ الۡأَرۡضُ

وَمِنۡ أَنفُسِهِمۡ وَمِمَّا لَا یَعۡلَمُونَ     سورۃ یٰسین آیت:۳۶

اچھے رشتے کے لیے سورۃ یٰسین کی آیت نمبر ۳۶ اول وآخر درود ابراہیمی تین تین بار پڑھ کر ۳۶ مرتبہ کریہ آیت پڑھ کر دعا کریں ان شاءاللہ، اللہ پاک اچھا رشتہ عطا فرمائیں گے۔ خود لڑکا، لڑکی یا پھر ان کے والدین یا بہن، بھائی بھی پڑھ سکتے ہیں۔

نوٹ: جب تک رشتے نہ ہوں پڑھتے رہیں

# لڑکی کے رشتے کے لیے

## یَا مُعْطِیُ

جس شخص کی لڑکی کنواری بیٹھی ہو اور کوئی سامان جہیز یا کسی جگہ سے پیغام نہ آتا ہو وہ شخص گیارہ ہزار مرتبہ، اول و آخر درود شریف بعد نماز عشائ گیارہ روز تک اس طرح پڑھے کے جمعرات سے شروع کرے اور اتوار کو ختم۔ پھر دیکھے پردہ غیب سے کیا ظاہر ہوتا ہے۔

# دیگر دعائیں

# ہر نیک کام میں کامیابی کے لیے

وَاِنَّمَآ اَمۡرُہٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَیۡئًا اَنۡ یَّقُوۡلَ لَہٗ کُنۡ فَیَکُوۡنُ ﴿۸۲﴾

فَسُبۡحٰنَ الَّذِیۡ بِیَدِہٖ مَلَکُوۡتُ کُلِّ شَیۡءٍ وَّ اِلَیۡہِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۸۳﴾

سورہ یٰسین ۸۲۔۸۳ پارہ ۲۳

سورہ یسین کی آخری دو آیات ۴۱ بار یا حسب سہولت تعداد کا تعین کر کے اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھ سکتے ہیں۔

- تعلیم کا مسلہ
- ویزے کا مسلہ
- رزلٹ میں کامیابی کے لیے
- ملازمت کے لیے اور اس میں ترقی کے لیے
- کاروبار میں ترقی کے لیے
- گھر کے اندر رکاوٹ دور کرنے کے لیے

تمام کے تمام جائز مقاصد کے لیے ان آیات کو عمل میں لایا جا سکتا ہے۔ اسکی برکت سے ان شاء اللہ ہر مشکل کام آسان ہو گا۔
نماز کی پابندی ضروری ہے۔

# پڑھائی میں دل لگنے کے لیے اور امتحان میں کامیابی کے لیے

اِقۡرَاۡ بِاسۡمِ رَبِّكَ الَّذِىۡ خَلَقَ‌ۚ ۝۱ خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ عَلَقٍ‌ۚ ۝۲ اِقۡرَاۡ وَرَبُّكَ
الۡاَكۡرَمُۙ ۝۳ الَّذِىۡ عَلَّمَ بِالۡقَلَمِۙ ۝۴ عَلَّمَ الۡاِنۡسَانَ مَا لَمۡ يَعۡلَمۡؕ ۝۵

سورہ العلق ۱۔۵ پارہ ۳۰

- پڑھائی شروع کرنے سے پہلے یہ آیات پڑھ لیا کریں اس سے پڑھنے میں دل لگ جائے گا
- امتحانوں کے دوران پیپر شروع ہونے سے پہلے اس آیات کو پڑھ کر اپنے اوپر اور پیپر پر دم کر لیں۔ ان شاءاللہ پیپر بہت اچھا ہو جائے گا۔ بشرطیہ کہ subject کی تیاری اچھی کی ہو۔
- رزلٹ آنے تک ہر نماز میں یہ آیت ایک مرتبہ پڑھ کر کامیابی کے لیے دعا کریں۔ انشاءاللہ کامیابی نصیب ہو گی۔
- نماز کی پابندی لازمی ہے۔

# ہر جائز مقصد میں کامیابی کے لیے

کٓهٰیٰعٓصٓ

- انٹرویو میں کامیابی کے لیے
- ملازمت میں ترقی کے لیے
- کاروبار میں برکت کے لیے
- امتحان میں کامیابی کے لیے
- رزلٹ میں کامیابی کے لیے

سورہ مریم کی پہلی آیت کا کثرت سے وردرکھیں۔ وقت اور تعداد کا کوئی تعین نہیں۔
ان شاءاللہ بہترین نتائج حاصل ہونگے۔ نماز کی پابندی لازمی ہے۔

# Miscarriage یا حمل نہ ٹھہر رہا ہو تو یہ عمل کریں

اَلرَّحۡمٰنُ ۙ﴿۱﴾ عَلَّمَ الۡقُرۡاٰنَ ؕ﴿۲﴾ خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ

میاں بیوی سورہ الرحمن کی یہ تین آیتیں روزانہ پانی، دودھ یا بادام پر ۴۱ بار پڑھ کر پی لیا کریں یہ عمل اس وقت تک جاری رکھیں جب تک حمل ٹھہر نہ جائے

## حمل ٹھہرنے کے بعد یہ عمل کریں

سَلٰمٌ ۟ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ

حمل ٹھہرنے کے بعد سورہ یسین کی یہ آیت روزانہ ۴۱ بار پڑھ کر خاتون اپنے پیٹ پر دم کر لیا کریں

# اولاد ہونے کے لیے

۴۱ مرتبہ یا ۱۰۱ مرتبہ روزانہ پڑھیں

اِقۡرَاۡ بِاسۡمِ رَبِّكَ الَّذِىۡ خَلَقَ‌ۚ ۱ خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ عَلَقٍ‌ۚ ۲ اِقۡرَاۡ وَرَبُّكَ
الۡاَكۡرَمُۙ ۳ الَّذِىۡ عَلَّمَ بِالۡقَلَمِۙ ۴ عَلَّمَ الۡاِنۡسَانَ مَا لَمۡ يَعۡلَمۡؕ ۵

سورہ العلق ۱۔۵ پارہ ۳۰

۲۱ مرتبہ یا ۴۱ مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلرَّحۡمٰنُۙ ۱ عَلَّمَ الۡقُرۡاٰنَؕ ۲ خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ

۲۱ مرتبہ یا ۴۱ مرتبہ روزانہ پڑھیں

هَلۡ اَتٰى عَلَى الۡاِنۡسَانِ حِيۡنٌ مِّنَ الدَّهۡرِ لَمۡ يَكُنۡ شَيۡـئًا مَّذۡكُوۡرًا ۱ اِنَّا خَلَقۡنَا
الۡاِنۡسَانَ مِنۡ نُّطۡفَةٍ اَمۡشَاجٍ ‌ۖ نَّبۡتَلِيۡهِ فَجَعَلۡنٰهُ سَمِيۡعًاۢ بَصِيۡرًا ۲ سورہ دھر ۱۔۲ پارہ ۲۹

سورۃ العلق یا سورۃ الرحمن یا سورۃ دھر ان تینوں آیتوں میں سے کوئی ایک آیت سلیکٹ کر کے روزانہ پابندی سے پڑھیں۔ اور پانی پر دم کر کے پیئں۔ ان شاء اللہ تعالی آپ کے حق میں بہتر کریں گے۔

# کوئی بھی چیز رکھ کر بھول جائیں تو یہ آیات پڑھیں
# میاں بیوی اور اولاد کی نافرمانی کے لیے بھی یہ آیات پڑھ سکتے ہیں

کوئی بھی چیز رکھ کر بھول جائیں تو اس کو تصور میں رکھ کر مندرجہ ذیل آیات تین یا پانچ بار پڑھیں۔ اور اس کو ڈھونتے رہیں

## اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ

اور اس کے بعد جو چیز رکھ کر بھول گئیں ہیں اس کو تصور میں رکھ کر اس آیات کا ورد رکھیں انشاء اللہ تعالی وہ مل جائے گی

## وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى

نوٹ:

اور اس کے بعد گمشدہ لوگوں اور چیزوں کو حصار میں لینے کے لیے دعا پڑھیں

میاں، بیوی اور اولاد ایک دوسرے کی نافرمانی کرتے ہوں اور بے راہ روی کا شکار ہوں تو اس کے لیے کھانے پر دم کر کے یا پانی پر دم کر کے ایک دوسرے کو پلا سکتے ہیں۔ والدین اپنی اولاد کو پانی پر دم کر کے پلائیں تو ان شاء اللہ ہدایت نصیب ہو گی۔

# گمشدہ لوگوں اور چیزوں کو حصار میں لینے کے لیے پڑھیں

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ
وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا
يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ — ۱ بار

وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ — ۳ بار

سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ — ۳ بار

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ — ۳ بار

# برے خواب سے بچنے اور اچھے خواب کی دعا

ابو سعید الخذری رضی اللہ عنہ کی حدیث میں مروی ہے کہ جبریل علیہ السلام حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور فرمائے اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا آپ بیمار ہیں فرمایا ہاں تو جبریل تو یہ دعا پڑھ کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر دم کیا مسلم: ۲۱۸۶

اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَسْاَلُكَ رُؤْیاً صَالِحَةً، صَادِقَةً غَیْرَ كَاذِبَةٍ، نَافِعَةً غَیْرَ ضَارَّةٍ

میں اللہ کے نام کے ساتھ تجھ پر دم کرتا ہوں، ہر اس چیز سے جو تجھ کو تکلیف دے، ہر نفس کے ر سے، یا حسد کرنے والی نظر بد سے اللہ تجھے شفاء دے اللہ کے نام کے ساتھ تجھ پر دم کرتا ہوں

# ہر غم سے نجات کا بہترین نسخہ

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا إِلٰہَ إِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ (سورۃ التوبۃ آیۃ 129)

ابوداود شریف میں ہے کہ ،اس کو صبح وشام سات سات مرتبہ پڑھ لیا کرے اللہ تعالی اس دنیاوآخرت کے ہر غم وفکر کے لیے کافی ہو جائے گا۔ مشہور مفسر آلوسی فرماتے ہیں کہ یہ ورد اس فقر کا بھی ہے (تفسیر روح المعانی)

حوالہ
بکھرے موتی: جلد چہارم: پیج نمبر ۳۲۵

# سخت ترین مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنے کا بہترین وظیفہ

ایک لاکھ اکیاون ہزار مرتبہ پڑھیں(1,51,000)

مجدد ملت حضرت تھانوی نے لکھا ہے کہ سخت سے سخت مقدمہ کے لیے ان اسماء کا پڑھنا مفید ہے کئی مرتبہ کا آزمودہ ہے۔یہ وظیفہ ایک لاکھ اکیاون ہزار(1,51,000) مرتبہ بطور ختم پڑھے۔ان شاء اللہ کامیاب ہوگا۔یہ عمل برائے افادہ عام درج ہے۔ان شاء اللہ بعد تجربہ کے بہت مفید ہوگا۔مکان اور کپڑے پاک ہونے چاہیں۔خوشبو لگا دیں۔

وہ اسماء یہ ہیں

## يَاحَلِيمُ، يَاعَلِيمُ، يَاعَلِيُّ، يَاعَظِيمُ

# ذاتی مکان۔ فلیٹ۔ پلاٹ۔ زمین۔ جائداد اور کرائے کے مکان کے حصول کے لیے

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۟۱۰ سورۃ الاعراف ۱۰ پارہ ۸

وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ۟ۙ۱۰ سورۃ الرحمن ۱۰ پارہ ۲۷

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيْ وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ

اگر پہلے سے ہے تو خیر و برکت، حفاظت اور قائم رکھنے کے لیے بہترین وظیفہ ہے۔ دوران وضوء تین مرتبہ پڑھیں یا پھر ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھ کر مقصد کے لیے دعا کریں اور مقصد پورا ہونے تک عمل جاری رکھیں۔ نماز کی پابندی ضروری ہے۔

# ادھار، قرض، امانت کی ادائیگی کے لیے

ادھار قرض امانت کی ادائیگی کے لیے مندرجہ ذیل دعا کو عشائ کی نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھیں اول وآخر تین بار درود ابراہیمی پڑھیں۔

**اللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْأَرْضِ، وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ، فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى، وَمُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ وَالْفُرْقَانِ، أَعُوذُبِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ، اللّٰهُمَّ أَنْتَ الْأَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الْآخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُونَكَ شَيْءٌ، اِقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ وَأَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ**

اے اللہ! ساتوں آسمانوں کے رب اور زمین کے رب اور عرش عظیم کے رب! اے ہمارے اور ہر چیز کے رب! اے دانے اور گٹھلیوں کو پھاڑنے والے! اور اے تورات وانجیل اور فرقان (قرآن) نازل کرنے والے! میں تجھ سے ہر اس چیز کے شر سے پناہ مانگتا ہوں جس کی پیشانی تو پکڑے ہوئے ہے۔ اے اللہ تو ہی اول ہے، پس تجھ سے پہلے کوئی چیز نہیں اور تو ہی آخر ہے، پس تیرے بعد کوئی چیز نہیں اور تو ہی غالب ہے، پس تیرے اوپر کوئی چیز نہیں اور تو ہی باطن ہے، پس تجھ سے پوشیدہ کوئی چیز نہیں ہے، ہم سے (ہمارا) قرض ادا کر دے اور ہمیں فقیر سے نکال کر غنی بنادے۔ [مسلم 2713]

عطا فرمودہ
شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی سبحان محمود صاحب قدس سرہٗ

# ادھار، قرض، سرمایہ کی بازیابی کے لیے

اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ
تَشَآءُ ۫ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى
كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ٢٦ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۫
وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۫ وَتَرْزُقُ مَنْ
تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ٢٧

سورۃ آل عمران: ۲۶۔۲۷

جس شخص کا سرمایہ یا رقم کہیں پھنس گئی ہو تو اس کی جلد بازیابی کے لیے مندرجہ ذیل آیت ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ نماز کی پابندی ضروری ہے۔

# استخارہ کی دعا اور طریقہ

جب کسی کا کوئی بھی کام کرنے کا ارادہ ہو تو اللہ تعالیٰ سے خیر طلب کرنے کو شریعت میں استخارہ کہتے ہیں۔
شادی، منگنی، کاروبار، مکان، ملازمت یا سفر کرنا ہو یا کوئی بھی کام کرنا چاہے تو پہلے استخارہ کر لینے سے اس کام میں ان شاء اللہ تمام شبہات دور ہو جائیں گی۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے دو رکعت نفل نماز استخارہ کی نیت سے ادا کرے پھر یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰھُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَتِهِ اَمْرِیْ فَاقْدِرْهُ لِیْ وَیَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَتِهِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ ارْضِنِیْ بِهٖ

دعا میں اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ پر جو کام ہے وہ ذہن میں رکھے جب دعا سے فارغ ہو جائے تو باوضو سو جائے (دائیں کروٹ پر قبلہ رخ ہو تو زیادہ بہتر ہے)
اگر کوئی اچھا یا برا خواب نظر آئے تو صبح اٹھتے ہی جس بات پر دل مطمئن ہو وہی اختیار کرلے پہلے دن ہی اگر مسئلہ حل ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ سات دن تک اسی طرح کرے ان شاء اللہ ضرور حل نکل آئے گا۔ استخارہ کی برکت یہ بھی ہے کہ اگر کام منجانب اللہ بہتر ہو تو اس کی راہیں کھل جاتی ہیں ورنہ خود ہی معاملہ ختم ہو جاتا ہے۔

## ہر کام کے لیے استخارہ کی مختصر دعا

نبی کریم ﷺ جب کسی کام کا ارادہ فرماتے تو یوں فرماتے۔

اَللّٰھُمَّ خِرْ لِیْ وَاخْتَرْ لِیْ

# حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

ترجمہ: ہمارے لیے اللہ کافی ہیں اور وہ بہترین کارساز ہیں۔

جو کوئی مصیبت وبلا میں مبتلا ہو اس آیت کو پڑھا کرے، ان شاء اللہ اس کی مصیبت جاتی رہے گی۔

عطا فرمودہ
شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی سبحان محمود صاحب قدس سرہٗ

- ہر بیماری سے حفاظت کے لیے 162 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ ہر بیماریوں سے حفاظت رہے گی۔
- رزق میں کشادگی اور بیروزگاری سے نجات کے لیے 339 مرتبہ روزانہ حسب سہولت پڑھنے سے رزق میں کشادگی ہوتی ہے۔ اور اگر بے روزگاری ہو تو اس سے نجات ملتی ہے۔
- ہر مقصد کے لیے روزانہ 96 مرتبہ پڑھنا مجرب ہے۔ جو شخص روزانہ اسکی پابندی کرے گا۔ اللہ تعالی غیب سے اس کے کام بنائے گا۔

# اپنی کسی بھی مراد کو پانے کے لیے

## اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

اے اللہ ! جسے تو عطا کر دے، اسے روکنے والا کوئی نہیں، جسے تو نہ دے اسے کوئی کچھ دینے والا نہیں ہے، اور تیری مرضی کے مقابلے میں کسی بھی صاحب حیثیت کی حیثیت فائدہ نہیں دیتی۔

## وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ

اور میرے لیے میرے کام کو آسان کر دے۔

- کسی بھی کام میں مشکلات ہوں۔
- رشتے میں رکاوٹ ہو۔
- اولاد ہونے میں بندش ہو۔
- کاروبار میں برکت کے لیے۔
- ملازمت میں ترقی کے لیے۔
- تعلیم میں کامیابی کے لیے۔
- اچھے رزلٹ کے لیے۔

ان دعاوں کو حسب سہولت خود وقت کا تعین کر کے اسکا ورد کریں۔ ان شاءاللہ اللہ تعالی روکے ہوئے کاموں کو جاری فرمادیں گے۔

# مال ودولت اور عزت میں اضافہ کی دعا

اَللّٰھُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَاَکْرِمْنَا وَلَا تُھِنَّا وَاَعْطِنَا وَلَا

تَحْرِمْنَا وَآثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَیْنَا وَاَرْضِنَا وَارْضِ عَنَّا (ترمذی)

اے اللہ ہمیں زیادہ عطا فرما، کم نہ دے، ہمیں عزت دے، ذلیل نہ کر، ہمیں عطا فرما، محروم نہ رکھ، ہمیں چن لے اور ہم پر کسی دوسرے کو نہ چن، ہمیں راضی رکھ اور ہم سے راضی ہو۔

اس آیت کو ہر نماز کے بعد ایک دفعہ پڑھ لیا کریں۔
ان شاءاللہ تعالی بہتر کرے گا۔

# چینٹیوں سے بچاو کے لیے

يٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ
وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ١٨

سورۃ النمل آیت ١٨

گھر میں اگر چینٹاں زیادہ ہو جائیں تو ان کو ماریں نہیں بلکہ یہ آیت لکھ کر اس جگہ
دیوار پر چسپاں کر دیں، ان شاء اللہ چینٹیاں اس جگہ سے چلیں جائیں گی۔

# رمضان کی طاق راتوں میں پڑھیے

## ۱۔ رشتے کے لیے (۱۴۱ دفعہ پڑھیں)

إِنَّا أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ ﴿۱﴾ وَمَا أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ﴿۲﴾ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ ﴿۳﴾ تَنَزَّلُ
الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِم مِّن كُلِّ أَمْرٍ ﴿۴﴾ سَلَامٌ هِيَ حَتَّىٰ مَطْلَعِ الْفَجْرِ ﴿۵﴾

## ۲۔ روزی کے لیے یا رزق میں برکت کے لیے پڑھیں (۱۰۰۰ دفعہ پڑھیں)

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ہ۵۶ مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ہ۵۷
اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ہ۵۸

## ۳۔ جادو اور نظر بد سے بچاو کے لیے پڑھیں (۱۰۰ دفعہ پڑھیں)

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ہ۸۱

## ۳۔ جادو اور نظر بد سے بچاو کے لیے پڑھیں (۱۰۰ دفعہ پڑھیں)

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ہ۸۲